# 6 انسانی وسائل کی ترقی

## 6.1 عمومی جائزہ

بینک دولت پاکستان کے عملے کی بھرتی (مستقل اور کنٹریکٹ دونوں) اور تربیت و پرداخت کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی۔ ان سرگرمیوں کا مختصر جائزہ ذیل میں دیا گیا ہے۔

## 6.2 انسانی وسائل کا خاکہ

**جدول 6.1** میں م س 12ء اور 13ء کے لیے گریڈ کے لحاظ سے ہیڈ کاؤنٹ کا جائزہ دیا گیا ہے۔[1] م س 13ء میں اسٹیٹ بینک کے مجموعی انسانی وسائل (0.7 فیصد) کم ہوئے۔ یہ کمی زیادہ تر OG-3 افسران میں ہوئی۔ بینک میں خواتین کی نمائندگی گذشتہ سال کی طرح یعنی 10 فیصد رہی۔

جدول 6.1: بینک دولت پاکستان کے انسانی وسائل کا خاکہ


(تعداد)

| Grade | م س12ء | م س13ء |
|---|---|---|
| او جی-8 | 11 | 10 |
| او جی-7 | 27 | 26 |
| او جی-6 | 43 | 43 |
| او جی-5 | 91 | 90 |
| او جی-4 | 211 | 203 |
| او جی-3 | 371 | 351 |
| او جی-2 | 324 | 365 |
| او جی-1 | 144 | 138 |
| معاون عملہ | 144 | 135 |
| معاہداتی ملازمین | 27 | 21 |
| کل | **1393** | **1383** |

### 6.2.1 ملازمین کا ٹرن اوور

م س 13ء میں ملازمین کے رخصت ہونے کی شرح 4.84 فیصد رہی جس میں 19 غیر رضا کارانہ[2] اور 48 رضا کارانہ[3] علیحدگیاں شامل ہیں۔ م س 13ء میں استعفوں کی شرح 1.73 فیصد رہی۔ **شکل 6.1** میں گذشتہ چھ برسوں کے دوران اسٹیٹ بینک سے رخصت ہونے کا رجحان دکھایا گیا ہے۔ م س 13ء کے دوران استعفوں کی تعداد بڑھی جبکہ قبل از وقت ریٹائرمنٹ کی تعداد پچھلے دو برسوں کی نسبت کم ہوگئی۔

**شکل 6.1:** ملازمین کا ٹرن اوور (تعداد)




1 گورنر اور ڈپٹی گورنرز کے لیے دیکھئے باب 'بینک دولت پاکستان کا تنظیمی ڈھانچہ'۔

2 اس میں ریٹائر، کنٹریکٹ ختم ہونے پر فارغ ہونے والے، برطرف شدہ اور متوفی ملازمین شامل ہیں۔

3 اس میں مستعفی اور ریٹائر ہونے والے ملازمین شامل ہیں۔

### 6.2.2 بھرتی

**مستقل بھرتی**

اسٹیٹ بینک کی انسانی وسائل سے متعلق روایتی حکمت عملی کے مطابق افسران کے انٹری لیول OG-2 پر متعدد بھرتیاں کی گئیں۔ منظور شدہ مین پاور پلان میں ظاہر ہونے والی انسانی وسائل کی کمی کو پورا کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک آفیسرز ٹریننگ اسکیم (SBOTS) (' سبوٹس') بیچ 18 کے ذریعے ایچ ای سی کی تسلیم شدہ جامعات کے تازہ فارغ التحصیل افراد بھرتی کیے گئے۔

انتظامیہ نے شفافیت اور غیر جانبداری کو یقینی بنانے کے لیے نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS) کی خدمات حاصل کرنے کا سلسلہ جاری رکھا خصوصاً بھرتی سے قبل ملک بھر میں تحریری ٹیسٹ کرانے کے لیے۔ اس سال آزمائشی بنیادوں پر این ٹی ایس کو سبوٹس' بیچ 18 کے ابتدائی بھرتی کے عمل میں بھی شامل کیا گیا۔

انٹری لیول کے علاوہ ان شعبوں میں پیشہ ور/تجربہ کار افراد کی بھرتی کا عمل شروع کیا گیا جہاں اشد ضرورت تھی جیسے شعبہ بیرونی تعلقات کے لیے ڈائریکٹر/سربراہ (ترجمان اعلیٰ) (OG-7/OG-6) اور ڈویژنل ہیڈ (OG-5)، شعبہ قانونی خدمات کے لیے ڈائریکٹر/سربراہ (OG-7/OG-6) اور لیگل آفیسرز (OG-3 اور OG-2)، دفتر کارپوریٹ سیکریٹری کے لیے پروٹوکول آفیسرز (OG-4 اور OG-3)، شعبہ اندرونی آڈٹ اور عملدرآمد کے لیے ڈپٹی/اسسٹنٹ ڈائریکٹرز (OG-3 اور OG-2) اور لائبریری کے لیے OG-3 کی پوزیشن۔ ان عہدوں پر بھرتی کا عمل جاری ہے۔ م س13ء کے دوران سبوٹس (OG-2) کے تحت 53 افراد بھرتی کیے گئے اور ایک OG-5 افسر کا تقرر کیا گیا۔

**کنٹریکٹ بھرتی**

م س13ء کے دوران مستقل بھرتیوں کے علاوہ 3 پیشہ ور افراد کو بینک کی قلیل مدتی ضرورت پوری کرنے کے لیے کنٹریکٹ پر بھی بھرتی کیا گیا۔

### 6.2.3 تربیت و پرداخت

**تربیت کی ضرورت کی جانچ**

تربیت و پرداخت وسائل کی ترقی کا ایک محکم طریقہ ہے جو ملازمین کے علم اور مہارتوں میں اضافہ کرتا ہے۔ اسٹیٹ بینک اپنے ملازمین کو پاکستان میں اور بیرون ملک معیاری تربیت و پرداخت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ ادارے کی تربیتی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہر سال کارکردگی کی جانچ اور بہتری کے نظام (PMIS) کے فارم 1 کی بنیاد پر تربیتی ضرورت کی جانچ کی جاتی ہے۔ اس عمل کی روشنی میں م س13ء کے دوران اسٹیٹ بینک کے افسران کے لیے 750 نامزدگیاں کی گئیں۔

**اعلیٰ تعلیم**

اسٹیٹ بینک اپنے افسران کو مرکزی بینکاری کے مختلف شعبوں میں جدید تبدیلیوں سے ہم آہنگ رکھنے کے لیے اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک بھیجنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ م س13ء کے دوران اعلیٰ تعلیم پالیسی کے تحت بینک کے آٹھ افسران نے یہ سہولت حاصل کی۔

**بینک کے اندر تربیتی انتظامات**

م س13ء کے دوران اسٹیٹ بینک کے ملازمین کی تربیتی ضروریات کی تکمیل کے لیے شعبہ انسانی وسائل کے تربیت و پرداخت ڈویژن نے تکنیکی اور سوفٹ

**جدول 6.2: ملکی تربیت**

(تعداد)

| | نامزدگیاں | | کورسز | |
|---|---|---|---|---|
| | م س12ء | م س13ء | م س12ء | م س13ء |
| نیاف | 336 | 603 | 18 | 36 |
| ادارہ جاتی | 59 | 83 | 28 | 25 |
| کل | 395 | 686 | 46 | 61 |

مہارتوں پر مبنی تربیتی پروگراموں کی تشکیل کے لیے نباف سے رابطہ کیا۔ بعد ازاں اسٹیٹ بینک کے ملازمین کی 603 نامزدگیوں کے لیے 36 ماڈیولز کا انتظام کیا گیا (**جدول 6.2**)۔ م س13ء میں گذشتہ برس کی نسبت کورسوں کی تعداداورشرکت میں نمایاں اضافہ ہوا۔

**ادارہ جاتی تربیت**

نباف کے علاوہ اسٹیٹ بینک اپنے ملازمین کے لیے مختلف ملکی تربیتی اداروں کے پیش کردہ ورکشاپس، سیمیناروں اور سمپوزیمز کے ذریعے مخصوص شعبوں میں اور انتظامی تربیت کا اہتمام کرتا ہے، جیسے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، انسٹی ٹیوٹ آف بینکرز پاکستان، لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز اور پاکستان مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ وغیرہ۔ م س13ء کے دوران 25 پروگراموں میں شرکت کے لیے83 نامزدگیاں کی گئیں (**جدول 6.2**)۔

**بیرون ملک تربیت**

اسٹیٹ بینک اپنے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ متعلقہ شعبوں میں جدید ترین تکنیکیں سیکھیں اور انہیں اس کے لیے مواقع فراہم کرتا ہے۔ م س13ء کے دوران بینک کے بنیادی اور معاون شعبوں میں مختلف تربیتی کورسز، ورکشاپس، سیمیناروں کے لیے 64 نامزدگیاں کی گئیں۔ ان پروگراموں کا اہتمام بین الاقوامی زری فنڈ، ایشیائی ترقیاتی بینک، مونیٹری اتھارٹی آف سنگاپور، ڈوچے بندبینک، بولڈرانسٹی ٹیوٹ آف مائیکروفنانس وغیرہ نے کیا تھا (**جدول 6.3**)۔ اس تربیت سے افسران کے تخصیصی علم اور عملی استعداد میں اضافہ ہوا۔ ان میں بیشتر پروگرام میزبان اداروں کے کلی یا جزوی مالی تعاون سے ہوئے۔

**جدول6.3: بیرونی تربیت**

(تعداد)

| ادارہ/انسٹی ٹیوٹ | م س12ء | م س13ء |
|---|---|---|
| آئی ایم ایف | 51 | 29 |
| یورپین سینٹرل بینک | 2 | 1 |
| ایشیائی ترقیاتی بینک | 1 | 2 |
| اسلامی ترقیاتی بینک | 2 | 0 |
| مانیٹری اتھارٹی آف سنگاپور | 0 | 1 |
| ڈوچے بندس بینک | 0 | 1 |
| بولڈرانسٹی ٹیوٹ آف مائیکروفنانس | 1 | 3 |
| آسٹریلین ٹرانزیکشن رپورٹس اینڈ اینالسس سینٹر(AUSTRAC) | 8 | 4 |
| ایشیا پیسفک رورل اینڈ ایگریکلچرل کریڈٹ ایسوسی ایشن (APRACA) | 1 | 4 |
| ایشیا پیسفک گروپ | 0 | 3 |
| بینک نیگارا ملائشیا | 0 | 3 |
| سینٹر فار سینٹرل بینکنگ اسٹڈیز (برطانیہ) | 0 | 1 |
| سینٹرل بینک آف ترکی | 0 | 1 |
| فنانشیل سروسز اتھارٹی (برطانیہ) | 0 | 1 |
| اسلامک فنانشیل سروسز بورڈ | 0 | 1 |
| دی بینک آف کوریا | 0 | 1 |
| یو بی ایس، سوئٹزر لینڈ | 0 | 1 |
| دیگر | 25 | 7 |
| کل | 91 | 64 |

### 6.2.4 رابطہ کاری کی کوششیں

**وزٹ پروگرام**

طلبہ اور حکومتی معززین کے دوروں کے لیے بینک مختلف پروگراموں کا اہتمام کرتا ہے تاکہ انہیں آگاہی ہو کہ اسٹیٹ بینک کیسے کام کرتا ہے۔ م س13ء کے دوران 461 وزٹر بینک آئے جن میں سنڈیکیٹ کے تحت 117 حکومتی افسران اور کالجوں/جامعات کے 344 طلبہ شامل تھے (**جدول 6.4**)۔

**جدول6.4: بینک دولت پاکستان آگاہی/دورے اور انٹرن شپ پروگرام**

(تعداد)

| اجزا/زمرہ | م س12ء | م س13ء |
|---|---|---|
| حکومتی اہلکار | 187 | 117 |
| کالج/یونی ورسٹی طلبہ | 194 | 344 |
| ☆عالمی وفود | 12 | 0 |
| موسم گرما انٹرن شپ پروگرام (دورانیہ: چھ ہفتے) | 195 | 230 |

☆سارک فنانس کے تحت نیپال راشٹرا بینک سے 12 ملازمین کا ایک وفد

**انٹرن شپ پروگرام**

اسٹیٹ بینک پاکستان بھر کے طلبہ کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ م س13ء کے دوران ایچ ای سی کی تسلیم شدہ جامعات کے 230 طلبہ کے لیے سمر انٹرن شپ پروگرام کا اہتمام کیا گیا (**جدول 6.4**)۔